بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

Press Desk

Ahmadiyya Muslim Jama'at
INTERNATIONAL
(INDIA)

A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860

PRESS RELEASE

Dated: 1st May 2015

وزیراعظم شری نریندرمودی جی سے
احمدیہ مسلم جماعت بھارت کے وفد کی ملاقات

احمدیہ مسلم جماعت بھارت کے وفد نے جناب اویناش رائے کھنّا صاحب ممبر پارلیمنٹ راجیہ سبھا کے ہمراہ وزیراعظم شری نریندرمودی جی سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی اور افراد جماعت احمدیہ بھارت کا ملک کے شہری ہونے کے ناطے ملک سے وفاداری کے جذبات کا اظہار کیا۔

اس موقعہ پر احمدیہ مسلم جماعت بھارت کے وفد کے ساتھ جناب انوراگ سود صاحب چیرمین سرودھرم سد بھاونا کمیٹی ہوشیارپور بھی موجود تھے۔

جناب اویناش رائے کھنّا صاحب نے وزیراعظم صاحب کی خدمت میں جماعت احمدیہ کا تعارف اور دنیا بھر میں خدمت انسانیت کے حوالہ سے جماعتی مساعی کا ذکر کیا۔

وفد احمدیہ مسلم جماعت بھارت نے وزیراعظم صاحب کو یہ یقین دہانی کرائی کہ ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنا ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور جماعت احمدیہ بھارت ہمیشہ کی طرح حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی اور ملک کی ترقی کے لئے خدمات پیش کرتی چلی جائے گی۔

(جاری...)

احمدیہ مسلم جماعت بھارت کے وفد نے وزیر اعظم صاحب کو قرآن مجید کا ہندی و انگریزی ترجمہ، کتاب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوتر جیونی اور احمدیہ مسلم جماعت کے بانی حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ السلام اور خلفاء کرام کی کتب پر مشتمل جماعتی لٹریچر بھی تحفۃً پیش کیا۔ وزیر اعظم صاحب نے جماعت احمدیہ کے لٹریچر کو قبول کرتے ہوئے خوشنودی کا اظہار فرمایا اور انسانیت کے حوالہ سے عالمگیر طور پر جماعت احمدیہ کی خدمات کو سراہا اور جماعت احمدیہ کے وفد کی عزت افزائی فرمائی۔

انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت

END RELEASE

For further details please contact:
Incharge Press & Media, Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988, Email: pressamjindia@gmail.com,
Tel: +91-1872-500311, Fax: +91-1872-500178
Noorul Islam Toll Free Number: 1800-3010-2131